## 12045 ـ عقدنکاح کے بعد فوت ہوگیا کیا وہ مہر کا مقروض ہے

**سوال**

ایک شخص نے عقد نکاح کیا اورفوت ہوگیا ، فوتگی سے قبل اس نے کچھ مہر ادا کردیا ، اس پر مہر سے بھی زیادہ قرض بھی ہے اس کے باقی مہر میں وارثوں کو کیا کرنا چاہیے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

الحمدللہ

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا توان کاجواب تھا :

باقی مہربھی اس کے دوسرے قرض کے ساتھ ہی رکھا جائے گا ، جومہر وہ پہلے ادا کرچکا ہے وہ اس عورت کا ہے ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .